# مفاداتی کمیونٹیز کا شہادتی بیان

## کمیونٹی ارکان کے لیے ایک ورک شیٹ



ئی ضلع بندی کی سماعت کے موقع پر آپ کی "مفاداتی کمیونٹی" کے شہادتی بیان کا اشتراک آپ کی کمیونٹی کے نقشہ جات کو آئندہ آنے والے عشرے میں مناسب شکل دینے کا ایک مؤثر طریقہ ہے۔ بس تھوڑی سی تیاری کے ساتھ، اسے با آسانی انجام دینا ممکن ہے۔ **کسی ایسے دوست کو اپنی کمیونٹی کے بارے میں بتانے کا تصور کریں جو وہاں منتقل ہونا چاہتا ہو۔** آپ کی کمیونٹی آپ کے بلاک، آپ کی گردونواح کی ایسوسی ایشن، یا ایک ی اسکول میں اپنے بچوں کو بھیجنے والے یا ایک ہی چھوٹی لیگ میں حصے لینے والے تمام والدین کے نیٹ ورک جتنی چھوٹی ہو سکتی ہے۔ یا یہ بھی ممکن ہے کہ یہ توسیعی نوعیت کی حامل ہو، بشمول آپ کے شہر یا کاؤنٹی میں رہنے والے ہر اس شخص کے جو آپ کی ہی زبان بولتا ہو، ہر وہ شخص جو کرائے کے گھروں میں رہتا ہو اور بلوں کی ادائیگی میں مشکل سے دوچار ہو، یا ٹاؤن کے کسی مخصوص علاقے میں رہنے والا ہر وہ شخص جو توقع سے کم سرمایہ کاری اور ناقص سروسز سے تنگ ہو۔

---



**مفاداتی کمیونٹی سے کیا مراد ہے؟** مفاداتی کمیونٹی آپ ہی کی کمیونٹی ہے۔ یہ آپ کے گردونواح، نیٹ ورک، یا ان افراد پر مشتمل گروہ ہے جن کے کمیونٹی میں رہتے ہوئے مشترکہ مفادات ہوتے ہیں اور ایک ہی ضلع کے اندر ان کی گروہ بندی کرنے سے ان کو فائدہ پہنچے گا۔ آپ کے اور آپ کے گردونواح کے لوگوں کے مشترکہ مفادات کیا ہیں اور جب اپنی کمیونٹی کا ارد گرد کی کمیونٹیز سے موازنہ کرتے ہیں تو کیا چیز اسے منفرد بناتی ہے، اس بارے میں بیان کرنے کا کوئی سادہ و آسان طریقہ سوچیں۔ یاد رکھیں—آپ اپنی کمیونٹی کے معاملات پر مہارت رکھتے ہیں!

**مفاداتی کمیونٹی کیوں اہم ہے؟** مفاداتی کمیونٹیز کو اکٹھا رکھنا نئی ضلع بندی کے سلسلے میں ایک اہم اصول ہے۔ یہ خاص طور پر ان کمیونٹیز کے لیے مفید ثابت ہو سکتا ہے جنہیں روایتی طور پر سیاسی عمل سے دور رکھا گیا ہے۔ کمیونٹی کے ارکان خود اپنی اسٹوریز بیان کر کے اور نئی ضلع بندی کے عمل میں پیش پیش خط کشی کرنے والے افراد کو اپنے خدشات سے آگاہ کر کے اپنی کمیونٹیز کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔

ئی ضلع بندی کے عمل میں مکمل مفاداتی کمیونٹیز کو شامل کرنا شاید آپ کی ریاست کی نئی ضلع بندی کا معیار ہو یا عدالت کی جانب سے متعلقہ اختیار کے طور پر متعین کردہ ہو۔ یہ ورک شیٹ بنیادی عوامل کے حوالے سے آپ کی رہنمائیکرے گی تاکہ آپ کو نئی ضلع بندی کے اس ادارے کے سامنے اپنی کمیونٹی کے بارے میں بیان کرنے کے سلسلے میں مدد فراہم کی جا سکے، جو آپ کی سٹی کونسل، بورڈ آف سپروائزرز، یا اسکول کا ضلع، ریاستی مقننہ، یا نئی ضلع بندی کا کمیشن ہو سکتا ہے۔

---

**تجویز: پتہ لگائیں کہ نئی ضلع بندی کا انچارج کون ہے۔ معلوم کریں کہ بولنے کی خاطر وقت کی کوئی قید تو نہیں۔ آگے کا لائحہ عمل طے کریں۔**

ASIAN AMERICANS ADVANCING JUSTICE    Common Cause



کیلیفورنیا مقصد مشترکہ کی جانب سے تخلیق کردہ۔ مزید وسائل کے لیے commoncause.org/fairmaps ملاحظہ کریں۔

# ٹمپلیٹ کا متن:

**ہائی، میرا نام ______________________ ہے۔ میں [کمیونٹی/ شہر__________ ] میں __________ سال ]رہ چکا ہوں/کام کر چکا ہوں[، میں باہم مل کر، اپنی کمیونٹی، [کمیونٹی کا نام] کو برقرار رکھنا چاہتا/چاہتی ہوں۔**
**[اپنی کمیونٹی کے متعلق بیان کریں.. ]**

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________



اپنی کمیونٹی کا نام بتائیں۔ اپنے مشترکہ مفادات اور مشرکہ خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے اپنی کمیونٹی کے بارے میں بتائیں۔ اس میں ان لوگوں کے بارے میں بیان جو آپ کی کمیونٹی میں رہتے ہیں، آپ کی کمیونٹی کی تاریخ و ثقافت کے متعلق اسٹوریز، یا آپ کی کمیونٹی کی خصوصی ضروریات سے متعلق بیان شامل ہو سکتا ہے۔ اپنی کمیونٹی سے متعلق بیان کا کوئی طریقہ درست یا غلط نہیں ہوتا۔ بس اس امر کو یقینی بنائیں کہ اس چیز سے متعلق بات کریں کہ آپ کی کمیونٹی کے لوگوں کو کیا چیز جوڑے رکھتی ہے۔ درج ذیل سوالات پر غور کریں کیونکہ آپ اپنی کمیونٹی کے مفادات کے بارے میں بیان کے طریقہ کار کو مہارت سے تحریر کرتے ہیں۔

- آپ کی کمیونٹی میں کون رہتا ہے؟
- اپنا ذریعہ معاش کمانے کے لیے وہ کس طرح کے کام کرتے ہیں؟
- ان کی رہائش عموماً کس طرح کی ہوتی ہے؟
- لوگوں کو کس قسم کی حکومتی سروسز درکار ہیں؟
- کیا ایسے سوشل اور سِوِک گروہ موجود ہیں جن سے لوگ منسوب ہیں؟
- کیا ایسے اہم مقامات موجود ہیں جہاں لوگ اکٹھے ہوتے ہیں، جیسے کہ کمیونٹی سینٹرز، اسکولز، گرجے، مندر، گردونواح کی ایسوسی ایشنز، یا پارکس؟
- کیا اسکول کی فنڈنگ، اسپتالوں تک رسائی، صحت کے یا ماحولیاتی مسائل، یا دیگر مسائل جیسے مقامی سیاسی مسائل میں آپ کے مشترکہ مفادات ہیں؟
- کیا آپ کا حسب نسب یا آبائی قومیت ایک جیسی ہے؟ امیگریشن ہسٹری؟ بولی جانے والی زبان؟
- کیا آپ کی کمیونٹی مشترکہ سماجی معاشی خصوصیات، مثلاً آمدنی کی سطح یا تعلیمی سطح کی حامل ہے؟
- کیا آپ کے آس پڑوس میں اسٹریٹ فیسٹیولز یا پریڈز جیسی تقریبات یا رسم و رواج کا انعقاد کیا جاتا ہے؟
- کون سی بلا منافع تنظیمیں یا سروس فراہم کنندگان کمیونٹی کو اپنی سروسز فراہم کرتے ہیں؟
- کیا اس میں بڑے آجرین بھی ہیں؟ کیا اس میں بڑی تعداد میں چھوٹے کاروبار موجود ہیں؟
- آپ کی کمیونٹی کیسے منظم ہوئی اس کی تاریخ کیا ہے؟ آپ کی کمیونٹی میں وقت کے ساتھ کیسے تبدیلی رونما ہوئی؟

# ٹمپلیٹ کا متن:

## میری کمیونٹی درج ذیل مقام پر واقع ہے:

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

بیاقاعدہ ضلعی نقشہ جات کی خطوط کشی کی نگرانی کے ذمہ دار افراد کو یہ معلومات درکار ہے کہ آپ کی کمیونٹی موجودہ طور پر کس مقام پر واقع ہے تاکہ وہ اسے ایک مکمل اور واحد ضلع کے طور پر تشکیل دے سکیں۔ ذیل میں چند ایسے سوالات دیے گئے ہیں جو آپ کو اپنی کمیونٹی کے مقام کے بارے میں بیان کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔



- وہ کون سی گلیاں اور حد بندیاں ہیں جو آپ کی کمیونٹی کی حدود کی نشاندہی کرتی ہیں؟
- نمایاں لینڈ مارکس کیا ہیں: دریا، پارکس، شاپنگ ایریاز، تاریخی مقامات، وغیرہ؟
- اجتماعی مقامات اور سروس فراہم کنندگان کون سے ہیں: اسکولز، کمیونٹی سینٹرز، مذہبی مقامات، سوشل سروس کی ایجنسیز؟
- کیا موجودہ سیاسی ضلعی حدود آپ کی کمیونٹی کو تقسیم کرتی ہیں؟ یا پھر آپ کی کمیونٹی کو جوڑے رکھتی ہیں؟

ہو سکتا ہے کہ آپ یہ بیان کرنا چاہیں کہ آپ کی کمیونٹی ارد گرد کی کمیونٹیز اور گردونواح سے کیسے مختلف ہے یا ان کے مشابہ ہے۔

## میری کمیونٹی درج ذیل گردونواح کے علاقوں سے مشابہ ہے:

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

## میری کمیونٹی درج ذیل گردونواح کے علاقوں سے مختلف ہے:

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

# ٹمپلیٹ کا متن:

## کیا چیز میری کمیونٹی کو دوسروں سے ممتاز کرتی ہے:

ایسے کمیونٹی مسائل اور ہسٹریز کو نمایاں کریں (اگر ممکن ہو، تو کوئی ذاتی اسٹوری شامل کریں) جو ان منتخب افسران کی موجودگی کی اہمیت کو اجاگر کرنے میں مدد دیں جو کمیونٹی کی ضروریات سے واقف ہوں اور ان کی تکمیل کرتے ہوں۔ کمیونٹی کے خدشات کے بارے میں اسٹوریز اور ڈیٹا کا اشتراک کریں تاکہ یہ بتایا جا سکے کہ آپ کے منتخب نمائندے کی جانب سے آپ کی کمیونٹی کو سنے جانے کی کس قدر ضرورت ہے۔

- کیا آپ کی کمیونٹی اہم سروسز مثلاً مزید ترجمہ کردہ معلومات، یا آپ کے گردونواح میں صحت کے سینٹرز کی حمایت میں جمع ہوئی ہے؟
- کیا آپ نے مل جل کر فتوحات حاصل کی ہیں، یا مل جل کر روایات کو قائم کیا ہے؟
- آپ کی آواز کو نظر انداز کیے جانے کے باعث کیا نقصانات ہوئے ہیں، جیسے کہ قریبی پلانٹ یا فری وے سے پیدا ہونے والی آلودگی کے باعث خراب صحت؟ ان مسائل کے حل کے سلسلے میں کیا رکاوٹیں پیش آرہی ہیں؟

## نتیجہ یہ ہے کہ.....



اس بات پر زور دیں کہ آپ کی کمیونٹی کو نئے ضلعی نقشہ جات میں جوڑ کر رکھنا کیوں ضروری ہے۔ نئی ضلع بندی کے ادارے (سٹی کونسل، اسکول بورڈ، کمیشن وغیرہ) کا شکریہ ادا کریں، ان کو کسی بھی طرح کا تحریری ثبوت اور امواد فراہم کریں،اپنے کمیونٹی ارکان اور حاضری کے شراکت داروں کا شکریہ ادا کریں، اور اپنے مقاصد کو نئے سرے سے پیش کریں۔



کیلیفورنیا مقصد مشترکہ کی جانب سے تخلیق کردہ۔ مزید وسائل کے لیے commoncause.org/fairmaps ملاحظہ کریں۔